روزنامہ
الفضل
C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org
جمعرات 13 اپریل 2006ء 14 ربیع الاول 1427 ہجری 13 شہادت 1385 ہش جلد 56-91 نمبر 78

بوسے دینے لگے

حضرت زراعؓ وفد عبدالقیس میں شامل ہو کر مدینہ آئے تھے وہ بیان کرتے تھے کہ جب ہم مدینہ پہنچے تو ہم اپنی سواریوں سے جلدی جلدی اترے اور رسول اللہؐ کے ہاتھوں اور پاؤں کو بوسے دینے لگے۔

(سنن ابی داؤد کتاب الادب باب فی قبلة الرجل حدیث نمبر:4548)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ہم یقیناً جانتے ہیں کہ خداتعالیٰ کا سب سے بڑا نبی اور سب سے زیادہ پیارا جناب محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

(کتاب البریہ۔ روحانی خزائن جلد 13 صفحہ 155)

خداتعالیٰ نے اپنی نعمتوں کے عطر سے اس قدر آنجناب کو معطر کیا کہ اس سے پہلے کوئی نبی اور رسول نہیں کیا گیا۔

(نجم الہدیٰ۔ روحانی خزائن جلد 14 صفحہ 4 ترجمہ از عربی)

خداتعالیٰ نے ہمارے سید و مولیٰ نبی آخرالزمان کو جو سید المتقین تھے انواع واقسام کی تائیدات سے مظفر اور منصور کیا۔

(راز حقیقت۔ روحانی خزائن جلد 14 صفحہ 155)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ فتح عظیم اپنے مخالفوں پر حاصل ہوئی کہ بجز نبی صادق دوسرے کے لئے ہرگز میسر نہیں آسکتی۔

(تحفہ گولڑویہ۔ روحانی خزائن جلد 17 صفحہ 305)

دنیا میں معصوم کامل صرف محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم ظاہر ہوا ہے۔ (تحفہ گولڑویہ۔روحانی خزائن جلد 17 صفحہ 324)

تمام رسولوں میں سے کامل تعلیم دینے والا اور اعلیٰ درجہ کی پاک اور پرحکمت تعلیم دینے والا اور انسانی کمالات کا اپنی زندگی کے ذریعہ سے اعلیٰ نمونہ دکھلانے والا صرف حضرت سیدنا ومولانا محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔

(اربعین۔ روحانی خزائن جلد 17 صفحہ 345)

نوع انسان کے لئے روئے زمین پر اب کوئی کتاب نہیں مگر قرآن۔ اور تمام آدم زادوں کے لئے اب کوئی رسول اور شفیع نہیں مگر محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم۔ سوتم کوشش کرو کہ سچی محبت اس جاہ وجلال کے نبی کے ساتھ رکھو اور اس کے غیر کو اس پر کسی نوع کی بڑائی مت دو تا آسمان پر تم نجات یافتہ لکھے جاؤ۔ (کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 13,14)

نجات یافتہ کون ہے؟ وہ جو یقین رکھتا ہے جو خدا سچ ہے اور محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم اس میں اور تمام مخلوق میں درمیانی شفیع ہے۔ اور آسمان کے نیچے نہ اس کے ہم مرتبہ کوئی اور رسول ہے اور نہ قرآن کے ہم رتبہ کوئی اور کتاب ہے۔ اور کسی کے لئے خدا نے نہ چاہا کہ وہ ہمیشہ زندہ رہے مگر یہ برگزیدہ نبی ہمیشہ کے لئے زندہ ہے۔

(کشتی نوح۔ روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 14)

جلسہ سالانہ آسٹریلیا سے حضور انور کے خطابات

سیدنا حضرت خلیفة المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بنفس نفیس آسٹریلیا کے جلسہ سالانہ میں شرکت فرمائیں گے۔ پاکستانی وقت کے مطابق حضور انور کے خطبہ جمعہ اور خطابات کیلئے درج ذیل اوقات میں ایم ٹی اے پر آسٹریلیا سے Live نشریات کا آغاز ہوگا۔ احباب نوٹ فرمالیں۔

Live نشریات برائے خطبہ جمعہ (افتتاحی خطاب)
14۔اپریل 2006ء 7:15 بجے صبح

Live نشریات برائے خطاب لجنہ اماء اللہ
15۔اپریل 2006ء 6:16 صبح

Live نشریات برائے اختتامی خطاب
16۔اپریل 2006ء 6:00 صبح

(نظارت اشاعت)

دوسرا ہفتہ تعلیم القرآن

امسال دوسرا ہفتہ تعلیم القرآن انشاء اللہ العزیز 21 تا 27 اپریل 2006ء کو منایا جا رہا ہے۔ تمام صدران وامراء اضلاع سے گزارش ہے کہ وہ اپنی اپنی جماعتوں میں حسب دستور ہفتہ تعلیم القرآن منا کر اس کی رپورٹ مرکز کو ارسال فرمائیں۔

☆ مورخہ 21 اپریل بروز جمعہ نماز تہجد سے اس بابرکت ہفتہ کا آغاز کیا جائے۔

☆ خطبہ جمعہ کے بارہ میں کوشش کی جائے کہ قرآن کریم کی فضائل وبرکات سے متعلق ہو۔

☆ نماز باجماعت کے قیام کو یقینی بنایا جائے خصوصاً فجر کی نماز پر حاضری سو فیصد کرنے کی کوشش کی جائے۔ ہر فرد جماعت قرآن کریم کی روزانہ کم از کم دو رکوع تلاوت کرکے ترجمہ بھی ساتھ پڑھے۔

☆ ہر سیکرٹری تعلیم القرآن اس بات کا جائزہ لے کہ اس کے حلقہ میں کتنے ایسے بالغ افراد ہیں جو ابھی تک قرآن کریم ناظرہ نہیں جانتے۔ اور اگر ایسے افراد ہیں تو ان کو مقامی طور پر قرآن کریم پڑھانے کا فوری انتظام کیا جائے۔

(باقی صفحہ 12 پر)

ہم اہل درد ہیں

جو کوئے عشق میں جھولی دراز رکھتے ہیں
وہ اپنے آپ کو دنیا سے باز رکھتے ہیں

دلوں کا حال تو چھپتا نہیں چھپانے سے
بھلا یہ اشک بھی رازوں کو راز رکھتے ہیں

سلیقہ دید کا جن کو نصیب ہو جائے
سپید و سیاہ میں وہ امتیاز رکھتے ہیں

وہ جس کے ہاتھ میں نبضیں ہیں اس زمانے کی
ہم ایسے شخص کی بیعت کا ناز رکھتے ہیں

انہیں کے حسنِ نظر کا یہ اک کرشمہ ہے
کہ ہم کو پستیوں میں سرفراز رکھتے ہیں

جنہیں ستایا ہے جی بھر کے اس زمانے نے
زمانے بھر کیلئے دل گداز رکھتے ہیں

شفائیں بانٹتے پھرتے ہیں اک مسیحا کی
ہم اہل درد ہیں اور کارساز رکھتے ہیں

ناصر احمد سیدؔ

اطلاعات و اعلانات

(نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔)

بیکاری سے محرومی اور اس کا علاج

بعض مخلصین جماعت کوئی ذریعہ معاش نہ رکھنے کے باعث تحریک جدید کی مالی قربانی کے ثواب سے بصد افسوس محروم رہتے ہیں۔ ان کی راہنمائی کے لئے سیدنا حضرت مصلح موعود کا حسب ذیل ارشاد پیش کیا جاتا ہے۔ فرمایا:

''احباب کو چاہئے کہ اپنے ہاتھ سے کام کرنے کی عادت ڈالیں سادہ کھائیں سادہ کپڑے پہنیں دین کی خدمت کے لئے اپنے آپ کو پیش کریں کوئی احمدی بیکار نہ رہے اگر کسی کو جھاڑو دینے کا کام ملے تو وہ بھی کرے اس میں بھی فائدہ ہے بہرحال کوئی نہ کوئی کام کرنا چاہئے۔ ہر شخص کوشش کرے کہ وہ بیکار نہ رہے...... پھیری کے ذریعہ پہلے دن ہی روزی کمائی جاسکتی ہے''۔ (مطالبات ص 118)

اللہ تعالیٰ بے روزگار مخلصین کے لئے خیر و برکت کے دروازے کھولے۔ آمین

(وکیل المال اول تحریک جدید)

اعلان دارالقضاء

(مکرم ندیم خالد صاحب بابت ترکہ محترمہ بشریٰ فردوس صاحبہ)

مکرم ندیم خالد صاحب ولد مکرم خالد منیر اختر صاحب نے درخواست دی ہے کہ میری والدہ محترمہ بشریٰ فردوس صاحبہ بیوہ محترم خالد منیر احمد صاحب بقضائے الٰہی وفات پا گئی ہیں۔ ان کے نام قطعہ نمبر 22/6 اور 24/42-A برقبہ بالترتیب 10 مرلہ 7 مربع فٹ اور 5 مرلہ 39 مربع فٹ واقع بالترتیب دارالعلوم غربی اور دارالعلوم شرقی ربوہ منتقل کردہ ہیں۔

میری درخواست ہے کہ قطعہ نمبر 22/6 میرے نام اور قطعہ نمبر 24/42-A مغرب کی طرف سے 40 فٹ اور شمال کی طرف 35 فٹ محترمہ شازیہ منیر صاحبہ کے نام منتقل کر دیا جائے۔ دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہ ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔ مکرم ندیم خالد صاحب۔ بیٹا
2۔ مکرم فہیم خالد صاحب۔ بیٹا
3۔ مکرم نوید خالد صاحب۔ بیٹا
4۔ مکرمہ شاہینہ فردوس صاحبہ۔ بیٹی
5۔ مکرمہ فرحانہ فردوس صاحبہ۔ بیٹی
6۔ مکرمہ شازیہ منیر صاحبہ۔ بیٹی

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ اگر کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کرے۔ (ناظم دارالقضاء ربوہ)

نکاح

مکرم ملک عبدالمالک صاحب کوئٹہ تحریر کرتے ہیں کہ میرے بیٹے مکرم احمد ابراہیم صاحب آف کوئٹہ کا نکاح ہمراہ مکرمہ ثناء احمد صاحبہ بنت مکرم محمود احمد صاحب 20 فروری 2006ء کو دارالذکر لاہور میں آٹھ ہزار سٹرلنگ پونڈ حق مہر پر مکرم آصف جاوید چیمہ صاحب مربی سلسلہ ضلع لاہور نے پڑھایا اور دعا کروائی مکرمہ ثناء احمد صاحبہ نے فرنچ میں ایم اے کیا ہے اور ڈاکٹر عبدالرحمٰن کامٹی صاحب کی اور رفیق حضرت مسیح موعود منشی عبدالکریم صاحب کی نسل سے ہیں۔ مکرم احمد ابراہیم صاحب رفیق حضرت مسیح موعود حیات محمد صاحب آف جہلم کی نسل سے ہیں جنہوں نے حضرت اقدس کی خدمت میں نرینہ اولاد کی درخواست کی جس کے نتیجہ میں ملک محمد عبدالرحمٰن صوبیدار میجر پیدا ہوئے اور حضرت اقدس کے جہلم کے سفر میں بچہ گود میں لے کر حضور اقدس کو دکھایا گیا۔ احباب جماعت سے رشتہ کے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

مکرم محمد اکرم خالد صاحب قائد حلقہ کیولری گراؤنڈ لاہور کینٹ تحریر کرتے ہیں کہ میرے برادر نسبتی مکرم چوہدری عامر حمید صاحب ابن مکرم چوہدری عبدالحمید عابد صاحب ساکن لاہور کینٹ کا نکاح مکرمہ وجاہت نسرین احمد صاحبہ بنت مکرم چوہدری بشارت احمد صاحب ساکن جرمنی بعوض مبلغ -/5000 یورو حق مہر پر مکرم مقصود احمد قمر صاحب مربی سلسلہ نے مورخہ 18 مارچ 2006ء کو بعد نماز عصر بمقام بیت المہدی گولبازار ربوہ پڑھایا۔ مکرم عامر حمید صاحب مکرم چوہدری اللہ بخش صاحب زراعتی ماسٹر مرحوم کے پوتے اور مکرمہ وجاہت نسرین احمد صاحبہ مکرم چوہدری عبدالرحمٰن صاحب بھٹی ساکن دارالیمن ربوہ کی پوتی ہیں دلہا اور دلہن مکرم چوہدری محمد علی صاحب ابن وزیر خان صاحب مجاہد کشمیر مرحوم کے نواسہ اور نواسی ہیں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ دونوں خاندانوں کیلئے بابرکت فرمائے۔ آمین

دورہ نمائندہ مینیجر الفضل

مکرم منور احمد ججہ صاحب نمائندہ مینیجر الفضل توسیع اشاعت الفضل چندہ جات اور بقایا جات کی وصولی اور الفضل میں اشتہارات کی ترغیب کے سلسلہ میں ضلع کراچی کے دورہ پر ہیں تمام احباب جماعت سے تعاون کی درخواست ہے۔

(مینیجر روزنامہ الفضل ربوہ)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

محترم سید شمشاد احمد ناصر صاحب

تقویٰ کی اہمیت، ضرورت اور برکات

تقویٰ کا مضمون بہت باریک اور نہایت ہی اہم ہے۔ تقویٰ سارے دینی احکامات کی جان اور علت غائی ہے۔ آنحضرت ﷺ کی ساری کی ساری تعلیمات کا خلاصہ صرف ایک ہی لفظ تقویٰ میں بیان ہوا ہے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے مختلف انداز میں سمجھانے کے لئے قریباً کم وبیش 242 مرتبہ تقویٰ کا مضمون بیان کیا ہے۔

تقویٰ کے معانی

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی مصلح موعود اپنی تفسیر کبیر میں لفظ تقویٰ کی اہمیت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

"قرآن کریم میں تقویٰ کا جو لفظ استعمال ہوا ہے۔ اس کے بارہ میں حضرت ابوھریرہؓ سے کسی نے پوچھا تو انہوں نے جواب دیا کہ کانٹوں والی جگہ سے گزرو تو کیا کرتے ہو؟ اُس نے کہا یا اُس سے پہلو بچا کر چلا جاتا ہوں یا اُس سے پیچھے رہ جاتا ہوں یا آگے نکل جاتا ہوں۔ انہوں نے کہا بس اسی کا نام تقویٰ ہے"۔

"ایک شاعر نے اِن معنوں کو لطیف اشعار میں نظم کر دیا ہے۔

خَلِّ الذُّنُوبَ صَغِيرَهَا وَ كَبِيرَهَا ذَاكَ التُّقَى
وَاصْنَعْ كَمَاشٍ فَوْقَ اَرْضِ الشَّوْكِ يَحْذَرُ مَا يَرَى
لَا تَحْقِرَنَّ صَغِيرَةً، اِنَّ الْجِبَالَ مِنَ الْحَصَى

(ابن کثیر)

ترجمہ: یعنی گناہوں کو چھوڑ دے خواہ وہ چھوٹے ہوں یا بڑے۔ یہ تقویٰ ہے۔ اور تو اس طریق کو اختیار کر جو کانٹوں والی زمین پر چلنے والا اختیار کرتا ہے۔ یعنی وہ کانٹوں سے خوب بچتا ہے۔ اور تو چھوٹے گناہ کو حقیر نہ سمجھ کیونکہ پہاڑ کنکروں سے ہی بنے ہوئے ہیں۔" (تفسیر کبیر جلد اول صفحہ 73)

تقویٰ کا لفظ وَقی سے نکلا ہے جس کے معانی ہیں "بچایا" اور "حفاظت کی" اور اتقی کے معانی ہیں "بچا"۔ "اپنی حفاظت کی"۔ اس لفظ کا معنیٰ مذہبی کتب کے محاورہ میں گناہوں، برے کاموں، معصیت، اور بری چیزوں سے بچنے کے ہیں۔

وقایہ بھی اسی سے ہے جس کے معنی ڈھال کے ہیں یعنی اس کے ذریعہ انسان اپنے بچاؤ کا سامان کرتا ہے۔ گویا مومن تقویٰ کے ذریعہ اپنے لئے ایک ڈھال بناتا ہے۔ یا تقویٰ کو اپنے لئے ایک ڈھال بنالیتا ہے جس کے ذریعہ وہ برے کاموں، بری خواہشات اور بری باتوں سے بچتا ہے۔ اور یہی تقویٰ کی اصل حقیقت اور غرض وغایت ہے۔ گویا تقویٰ دل کی اُس کیفیت کا نام ہے جس میں وہ اللہ تعالیٰ کو ہمیشہ اپنے سامنے رکھتے ہوئے اُسی کی رضا اور محبت کی خاطر اُسی کو عظمت دے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے:

ترجمہ: اور جو کوئی شعائر اللہ کو عظمت دے گا تو یقیناً یہ بات دلوں کے تقویٰ کی علامت ہے۔ (سورۃ الحج: 33)

تقویٰ کا مضمون قرآن کریم میں

قرآن کریم میں کم وبیش 242 جگہ اللہ تعالیٰ نے تقویٰ کا مضمون بیان فرمایا ہے۔ یہاں صرف چند آیات درج کی جاتی ہیں جن میں تقویٰ کی اہمیت بیان کی گئی ہے۔

اور زادِ سفر جمع کرتے رہو۔ پس یقیناً سب سے اچھا زادِ سفر تقویٰ ہی ہے۔ (البقرہ: 198)

رہا تقویٰ کا لباس تو وہ سب سے بہتر ہے۔ (الاعراف: 27)

اور تمہارا عفو سے کام لینا تقویٰ کے زیادہ قریب ہے۔ (بقرہ: 238)

اور نیکی اور تقویٰ میں ایک دوسرے سے تعاون کرو اور گناہ اور زیادتی (کے کاموں) میں تعاون نہ کرو۔ اور اللہ سے ڈرو۔ یقیناً اللہ سزا دینے میں بہت سخت ہے۔ (المائدہ: 3)

بلاشبہ اللہ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ معزز وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے۔ (الحجرات: 14)

اللہ کا تقویٰ اختیار کرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔ (الحجرات: 11)

انصاف کرو یہ تقویٰ کے سب سے زیادہ قریب ہے اور اللہ سے ڈرو یقیناً اللہ اُس سے ہمیشہ باخبر رہتا ہے جو تم کرتے ہو۔ (المائدہ: 9)

اے لوگو جو ایمان لائے ہو، اللہ کا ایسا تقویٰ اختیار کرو جیسا اُسکے تقویٰ کا حق ہے اور ہرگز نہ مرو مگر اِس حالت میں کہ تم پورے فرمانبردار ہو۔ (آل عمران: 103)

احادیث نبوی ﷺ میں تقویٰ کا ذکر

حضرت سعد بن ابی وقاصؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔ اللہ تعالیٰ اُس انسان سے محبت کرتا ہے جو پرہیزگار ہو۔ بے نیاز ہو۔ گمنامی اور گوشہ نشینی کی زندگی بسر کرنے والا ہو۔ (مسلم۔ کتاب الزھد)

بخاری، کتاب الانبیاء میں حضرت ابوہریرہؓ سے روایت درج ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ سے پوچھا گیا کہ لوگوں میں سے زیادہ عزت والا کون ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا "اتقاھم"، یعنی لوگوں میں سے جو زیادہ متقی ہے۔

ابن ماجہ۔ کتاب الزھد میں یہ حدیث بھی حضرت ابوھریرہؓ سے ہی مروی ہے۔ آپ بیان کرتے ہیں کہ ایک بار آنحضرت ﷺ نے اُن کو مخاطب کر کے فرمایا:۔

"اے ابوھریرہؓ تقویٰ اور پرہیزگاری اختیار کر، تو سب سے بڑا عبادت گذار بن جائے گا"۔

جماعت احمدیہ کا قیام اور تقویٰ کا حصول

حضرت مسیح موعود نے 4/مارچ 1889ء کو جو اشتہار شائع فرمایا اس میں آپ فرماتے ہیں:۔

"آپ سب صاحبوں پر جو اس عاجز سے خالصاً لطلب اللہ بیعت کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں"...... حاشیہ میں اس بارے میں بیان فرماتے ہیں:" بیعت کرنے کے لئے حاضر ہو جائے جس مدعا کے لئے بیعت ہے یعنی حقیقی تقویٰ اختیار کرنا اور سچا...... بننے کی کوشش کرنا"۔

(مجموعہ اشتہارات۔ جلد اول۔ صفحہ 193)

اس اشتہار میں آپ مزید فرماتے ہیں:" یہ سلسلہ بیعت محض بمراد فراہمی طائفہ متقین یعنی تقویٰ شعار لوگوں کی جماعت کے جمع کرنے کے لئے ہے تا ایسے متقیوں کا ایک بھاری گروہ دنیا پر اپنا نیک اثر ڈالے اور اُن کا اتفاق...... کے لئے برکت وعظمت و نتائج خیر کا موجب ہو اور وہ بہ برکت کلمہ واحدہ پر متفق ہونے کے...... کی پاک و مقدس خدمات میں جلد کام آسکیں اور ایک کاہل اور بخیل بے مصرف ...... نہ ہوں۔ ...... کیونکہ خدا تعالیٰ نے اِس گروہ کو اپنا جلال ظاہر کرنے کے لئے اور اپنی قدرت دکھانے کے لئے پیدا کرنا اور پھر ترقی دینا چاہا ہے تا دنیا میں محبت الٰہی اور توبہ نصوح اور پاکیزگی اور حقیقی نیکی اور امن اور صلاحیت اور بنی نوع کی ہمدردی کو پھیلاوے سو یہ گروہ اُس کا ایک خالص گروہ ہوگا اور وہ انہیں اپنی روح سے قوت دے گا اور انہیں گندی زیست سے صاف کرے گا اور ان کی زندگی میں ایک پاک تبدیلی بخشے گا"

(مجموعہ اشتہارات۔ جلد اول۔ صفحہ 197-198)

یہ وہ مقاصد ہیں، جن کے لئے جماعت احمدیہ کا قیام عمل میں آیا۔ یہ وہ اعمال صالحہ ہیں جو جماعت کے ہر فرد نے بجالانے ہیں۔ یہ وہ ذرائع ہیں جن سے ہم سب نے خدا تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا ہے۔ یہ وہ راہیں ہیں جن پر چل کر ہم نے اپنے حقیقی مقصد کو پانا ہے۔ یعنی تقویٰ اللہ۔

اسی اشتہار میں حضرت مسیح موعود نے ایک جگہ یہ ارشاد فرمایا ہے کہ تم اُن لوگوں کی طرح نہ بنو جنہیں دین کی کچھ بھی خبر نہیں، اور نہ دینی ضرورتوں کا کچھ فکر ہے۔ غافل درویش نہ بنو کہ جن میں بنی نوع کی کچھ بھلائی نہ ہو۔

"...... بلکہ وہ ایسی قوم کے ہمدرد ہوں کہ غریبوں کی پناہ ہو جائیں یتیموں کے لئے بطور باپوں کے بن جائیں اور ...... کاموں کے انجام دینے کے لئے عاشق زار کی طرح فدا ہونے کو تیار ہوں اور تمام تر کوشش اس بات کے لئے کریں کہ ان کی عام برکات دنیا میں پھیلیں اور محبت الٰہی اور ہمدردیٔ بندگان خدا کا پاک چشمہ ہر یک دل سے نکل کر اور ایک جگہ اکٹھا ہو کر ایک دریا کی صورت میں بہتا ہوا نظر آوے۔۔۔۔"

(مجموعہ اشتہارات جلد اول صفحہ 197)

خدا کے پاک مامور نے جو توقعات ہم سے کی ہیں اُن کا بڑا کھلا کھلا ذکر آپ نے فرمادیا ہے اور یہ وہ ہیں جو جماعت کے قیام کے مقاصد میں سے ہیں۔ اور اوّل دن سے ہی آپ نے اسی کام کے لئے جماعت کو تیار کیا۔ چنانچہ جب آپ نے رسالہ الوصیت لکھا، جس میں جماعت کے احباب کو وصیت فرمائی اس میں آپ دوستوں کو یہ نصیحت فرماتے ہیں:

"سو راستباز بنو۔ تقویٰ اختیار کرو تا بچ جاؤ۔ آج خدا سے ڈرو تا اُس دن کے ڈر سے امن میں رہو۔ ضرور ہے کہ آسمان کچھ دکھلاوے اور زمین کچھ ظاہر کرے لیکن خدا سے ڈرنے والے بچائے جائیں گے"

(رسالہ الوصیت۔ روحانی خزائن۔ جلد 20 صفحہ 303)

رسالہ الوصیت میں ہی حضور فرماتے ہیں:۔

"اور چاہئے کہ تم بھی ہمدردی اور اپنے نفسوں کو پاک کرنے سے روح القدس سے حصہ لو کہ بجز روح القدس کے حقیقی تقویٰ حاصل نہیں ہوسکتا۔ اور نفسانی جذبات کو بکلی چھوڑ کر خدا کی رضا کے لئے وہ راہ اختیار کرو جو اس سے زیادہ کوئی راہ تنگ نہ ہو۔ دنیا کی لذتوں پر فریفتہ مت ہو کہ وہ خدا سے جدا کرتی ہیں اور خدا کے لئے تلخی کی زندگی اختیار کرو۔ وہ درد جس سے خدا راضی ہو اُس فتح سے بہتر ہے جو موجب غضب الٰہی ہو۔ اُس محبت کو چھوڑ دو جو خدا کے غضب کے قریب کرے۔ اگر تم صاف دل ہو کر اس کی طرف آ جاؤ تو ہر ایک راہ میں وہ تمہاری مدد کرے گا اور کوئی دشمن تمہیں نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ خدا کی رضا کو تم کسی طرح پا ہی نہیں سکتے جب تک تم اپنی رضا کو چھوڑ کر، اپنی لذت چھوڑ کر، اپنی عزت چھوڑ کر، اپنا مال چھوڑ کر، اپنی جان چھوڑ کر اس کی راہ میں وہ تلخی نہ اٹھاؤ جو موت کا نظارہ تمہارے سامنے پیش کرتی ہے۔"

(رسالہ الوصیت۔ روحانی خزائن۔ جلد 20 صفحہ 307)

پس آپ کا پہلا اشتہار۔ جس کی عبارت لکھی جا چکی ہے اور آپ کی وصیت جو آپ نے اپنی جماعت کو کی ہے۔ کا مضمون واحد ہے۔ یعنی شروع دن ہی سے آخر تک آپ کی یہی خواہش رہی، یہ کوشش رہی اور یہ نصیحت رہی کہ میری جماعت کے لوگ خدا خوفی، خدا ترسی، تقویٰ وطہارت اور بنی نوع انسان کے ہمدرد بنیں اس کے لئے خواہ انہیں کسی قسم کی قربانی بھی کیوں نہ دینی پڑے اور یہی مقاصد وصیت کے ہیں۔

حضرت مسیح موعود نے تقویٰ کی ان بنیادوں پر جو جماعت قائم کی ہے اس وقت اس کے افراد دنیا کے کم وبیش تمام ممالک میں کروڑوں کی تعداد میں موجود

ہیں اور اُن میں خدا کے فضل سے یہ خوبیاں دوسروں کے مقابل پر بدرجہ اتم پائی جاتی ہیں۔ قادیان کی گمنام سی بستی سے لے کر، ہندوستان میں، پاکستان میں، افریقہ کے ممالک میں، شرق اوسط میں، آسٹریلیا، چین، جاپان، رشیا اور یورپ کے ممالک کے علاوہ امریکہ میں خدا تعالیٰ کے فضل سے اِن خوبیوں سے متصف جماعت کے ممبر ہیں۔ جو تقویٰ کی راہوں پر گامزن رہتے ہوئے خدا تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے ہر قسم کی قربانیاں کرتے ہیں۔

امریکہ ہی میں ہمارے ہزاروں امریکن بھائیوں نے احمدیت قبول کی اور اپنے اندر روحانی اور اخلاقی تبدیلیاں پیدا کیں۔ ان میں سے صرف ایک بھائی مکرم برادر مظفر احمد ظفر کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ نہ صرف احمدیت قبول کی۔ بلکہ پھر خدا تعالیٰ کے فضل سے وصیت بھی کی جس سے آپ کے اندر ایک نمایاں تبدیلی اخلاقی و روحانی طور پر پیدا ہوئی جس کے بیشمار لوگ شاہد ہیں۔ آپ کی وفات 15 نومبر 1996ء کو ڈیٹن کے شہر میں ہوئی۔ آپ کی وفات پر جماعت احمدیہ نے ایک سپیشل ایشو احمدیہ گزٹ کا اردو اور انگریزی میں نکالا۔ اس میں مختلف بزرگوں کے مضامین اور تاثرات آپ کے بارے میں شائع ہوئے۔ چنانچہ اپریل 1997ء کی اشاعت میں احمدیہ گزٹ میں جناب محترم صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب مرحوم، سابق امیر جماعت احمدیہ امریکہ نے انگریزی میں ایک مضمون لکھا جس کے بعض حصے خاکسار پیش کرتا ہے۔ محترم میاں صاحب نے لکھا:

نومبر 1983 میں محترم مولانا شیخ مبارک احمد صاحب (جو اس وقت امریکہ کے امیر اور مشنری انچارج تھے) نے ایفروامریکن احمدیوں کے ساتھ دوسرے احمدیوں کی مواخات قائم کی۔ چنانچہ میری مواخات برادر مظفر احمد ظفر کے ساتھ ہوئی۔ یہ میرے لیے خوشی اور فخر کی بات تھی۔ ہم باوجود اس کے کہ ایک دوسرے سے سینکڑوں میل دور رہتے تھے، لیکن وقت کے گزرنے کے ساتھ ساتھ یہ بھائی چارہ اور مواخات کا یہ بندھن مضبوط سے مضبوط تر ہوتا چلا گیا۔ اور اس دوران میں، میں نے بہت قریب سے مشاہدہ کیا کہ برادر مظفر احمد صاحب کے دل میں احمدیت کے لئے بہت گہری محبت اور فدایت پائی جاتی ہے۔ ایک خاص بات اُن میں یہ پائی جاتی تھی کہ وہ خدمت کے لئے ہر وقت کمربستہ رہتے تھے اور اس کے لئے جب انہیں ڈیوٹی دی جاتی تو وہ صرف دو لفظوں میں اس کا اظہار کرتے تھے۔ ''Yes Sir!'' اور یہ الفاظ اُن کے دل سے انتہائی جذبہ اور لگن سے نکلتے تھے جو کہ دل پر محکم یقین اور کام کرنے کی گارنٹی چھوڑ جاتے تھے۔''

محترم میاں مظفر احمد صاحب مزید لکھتے ہیں کہ جب برادر مظفر احمد ظفر صاحب پہلی مرتبہ امریکہ سے ربوہ جلسہ سالانہ میں شرکت کرنے کے لئے گئے تو مجھے معلوم ہوا کہ انہوں نے اپنے سوالات کی ایک لمبی لسٹ بنائی ہوئی ہے جو کہ وہ حضرت امام جماعت احمدیہ خلیفۃ المسیح الثالث سے پوچھنا چاہتے ہیں۔

چنانچہ وہ خود اپنا تجربہ بیان کرتے ہیں کہ جوں ہی اُن کی نظر حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے نورانی چہرہ پر پڑی تو وہ جذبات کو قابو میں نہ رکھ سکے اور وہ سوالوں کی لمبی فہرست والا کاغذ انہوں نے اسی وقت تہ کر کے ایک طرف رکھ دیا۔ یہ اُن کی محبت اور خلافت کے ساتھ پوری فرمانبرداری کا پہلا زینہ تھا۔

محترم میاں مظفر احمد صاحب نے مزید لکھا کہ جب 1984ء میں ضیاء الحق نے پاکستان میں جماعت احمدیہ کے خلاف آرڈیننس جاری کیا تو UK کے جلسہ میں ایک پریس کانفرنس ہوئی۔ جس کی صدارت برادر مظفر احمد ظفر نے کی۔ اس موقعہ پر ایک پاکستانی جرنلسٹ نے آپ سے یہ سوال کیا کہ اب جبکہ حکومت پاکستان نے احمدیوں کو نہ صرف غیر مسلم اقلیت قرار دیا ہے بلکہ اور قانونی پابندیاں اور جرمانے اور قید کی سزا بھی شامل ہے۔ جس کی وجہ سے ایک عام احمدی کی زندگی اس آرڈیننس کی وجہ سے گویا ایک جرم بن گئی ہے۔'' تو کیا آپ امریکہ کے کانگریس مین (Men) اور سینیٹرز سے کہیں گے امریکہ جو امداد پاکستان کی کرتا ہے اس کو بند کر دیا جائے''۔ اس کا جو جواب برادر مظفر احمد ظفر صاحب نے دیا۔ اس سے پتہ لگتا ہے کہ آپ کے دل کے اندر کس طرح احمدیت کی تعلیم نے اثر کیا تھا۔ آپ نے اُسے جواب دیا۔ ''NO'' نہیں۔ کیونکہ اس سے پاکستانی عوام کو نقصان ہوگا اور ایسا ہم کبھی بھی نہیں کریں گے۔ ہمارا جھگڑا ایڈمنسٹریشن کے ساتھ ہے کہ انہوں نے ایسا قدم اٹھایا ہے جو اسلامی تعلیمات کے خلاف ہے اور جو انسانی بنیادی حقوق کے خلاف ہے اور مذہبی آزادی کے خلاف ہے اور پھر ایسا قدم آئین پاکستان کے خلاف ہے۔ کیا ہی خوبصورت اور اچھا جواب تھا۔

محترم میاں صاحب نے آخر میں لکھا کہ ''احمدیت کا ایک بطل جلیل، نڈر سپاہی اور جماعت احمدیہ کا خادم ہم سے جدا ہوا۔''

برادر مظفر اور ایک پاک تبدیلی

جیسا کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے کہ برادر مظفر احمد ظفر ڈیٹن کے رہنے والے تھے۔ اُن دنوں وہاں پر مکرم میاں محمد ابراہیم صاحب مرحوم مربی تھے۔ محترم میاں محمد ابراہیم صاحب نے بھی برادر مظفر صاحب کے بارے میں جو نوٹ لکھا اس میں آپ رقمطراز ہیں:

''احمدیت قبول کرنے سے پہلے برادر مظفر عام نوجوانوں کی طرح، بقول اُن کے، مادر پدر آزاد، تمام برائیوں میں مبتلا تھے جو امریکہ کا معمول ہے۔ لیکن جونہی انہوں نے احمدیت قبول کی، ان کی کایا ہی پلٹ گئی اور وہ ایک متقی اور پرہیزگار نوجوان کے رنگ میں رنگین ہو گئے اور خدا تعالیٰ کے فضل سے ابدال و اقطاب کے برگزیدہ گروہ میں شامل ہو گئے۔ ایک جلسہ میں جو جماعت نے بیت الذکر سے باہر شہر کے مرکز میں منعقد کیا اور جس میں اہالیان ڈیٹن (Dayton) کی ایک خاصی تعداد ایسے حکام کی موجود تھی جو برادر مظفر کو اُن کے احمدی ہونے سے پہلے بھی اچھی طرح جانتے تھے۔ برادر مظفر نے بعض ججوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔ میں وہی ہوں جو متعدد مرتبہ مجرم کے طور پر آپ کے سامنے پیش ہوا، لیکن احمدیت نے مجھے خدا تعالیٰ کے فضل سے اُن تمام عیوب سے مبرا کر دیا جن میں، میں نوجوانی میں مبتلا تھا۔

برادر مظفر احمد کی سابقہ اور موجودہ زندگی کا فرق نمایاں طور پر محسوس ہوتا تھا اور احمدیت کے مطالعہ اور مرکز احمدیت کے رہن سہن اور مخصوص اطوار نے اُن کی خداداد صلاحیت اور فطرتی نیکی کو اجاگر کر دیا''۔

اسی طرح برادر مظفر احمد ظفر صاحب کی وفات پر مکرم مولانا محمد صدیق صاحب شاہد گورداسپوری نے جو الفضل میں نوٹ لکھا اس میں وہ آپ کے اندر نمایاں تبدیلی کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

''1973 میں حضرت امام جماعت احمدیہ خلیفۃ المسیح الثالث کی طرف سے ارشاد ملا کہ جلسہ سالانہ ربوہ میں شرکت کے لئے بیرونی ممالک سے بھی نمائندگان بھجوائے جائیں۔ چنانچہ امریکہ سے سات افراد پر مشتمل وفد اس سال کے جلسہ سالانہ میں شرکت کے لئے بھجوایا گیا جن میں مکرم برادر مظفر احمد ظفر صاحب بھی شامل تھے اور وفد کی قیادت کر رہے تھے۔ انہیں ربوہ میں جلسہ سالانہ میں شرکت کے علاوہ قادیان کی زیارت کا بھی شرف حاصل ہوا۔ جب یہ دوست جلسہ سالانہ ربوہ میں شرکت اور قادیان کی زیارت کے بعد واپس پہنچے تو اُن کی کایا ہی پلٹ چکی تھی۔ اُن کی زندگی میں ایک نمایاں تغیر پیدا ہو چکا تھا۔ خلافت احمدیہ سے وابستگی اور امام جماعت کی ذات سے والہانہ عشق و محبت اور آپ کے احکامات کی لفظاً لفظاً تعمیل وہ اپنے لئے ایک فریضہ سمجھنے لگے۔ جماعتی کاموں میں دلچسپی اور اطاعت امیر کا بھی واضح جذبہ ان میں نظر آنے لگا۔ اِس وفد کی واپسی کے بعد ڈیٹن میں جہاں مکرم میاں محمد ابراہیم صاحب فریضہ دعوت الی اللہ بجا لا رہے تھے۔ جماعت کی مجلس شوریٰ کا اجلاس منعقد کیا گیا جس میں مکرم برادر مظفر احمد ظفر صاحب کو جلسہ سالانہ ربوہ اور زیارت قادیان کے تاثرات بیان کرنے کے لئے کہا گیا۔ وہ جب حضرت خلیفۃ المسیح الثالث سے اپنی ملاقات کا ذکر کرنے لگے تو اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکے اور زار و قطار رونے لگے۔ حتیٰ کہ ان کی ہچکی بندھ گئی اور اپنی تقریر جاری نہ رکھ سکے اور بیٹھ گئے''۔

برادر مظفر احمد ظفر صاحب مرحوم کی وفات پر جماعت احمدیہ امریکہ نے جو ریزولیشن پاس کیا اور جو احمدیہ گزٹ اپریل 1997ء میں شائع ہے، کا ایک حصہ پیش کرتا ہوں:

ڈاکٹر مظفر صاحب بہت ہی مخلص اور فدائی احمدی تھے۔ جو کہ ہر وقت خلیفۃ المسیح کی آواز پر لبیک کہنے کو تیار تھے جس کا ذکر آپ بہت محبت کے ساتھ کیا کرتے تھے۔ آپ نے ہمیشہ دین کو دنیا پر مقدم رکھا اور صحیح معنی میں ایک واقف زندگی کی طرح اپنی زندگی گزاری۔

اللہ تعالیٰ ایسے بے شمار فدائی اور مخلص اور موصی جماعت کو عطا فرمائے۔ آمین

جماعت کو نصیحت

25 دسمبر 1897ء کو حضرت مسیح موعود نے تقویٰ کے متعلق جلسہ سالانہ میں تقریر فرمائی۔ آپ نے فرمایا:

''اپنی جماعت کی خیر خواہی کے لئے زیادہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ تقویٰ کی بابت نصیحت کی جاوے کیونکہ یہ بات عقلمند کے نزدیک ظاہر ہے کہ بجز تقویٰ کے اور کسی بات سے اللہ تعالیٰ راضی نہیں ہوتا۔

متقی کی علامات

پھر فرمایا:

''پس ہمیشہ دیکھنا چاہئے کہ ہم نے تقویٰ و طہارت میں کہاں تک ترقی کی ہے۔ اس کا معیار قرآن ہے۔ اللہ تعالیٰ نے متقی کے نشانوں میں ایک یہ بھی نشان رکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ متقی کو مکروہات دنیا سے آزاد کر کے اُس کے کاموں کا خود متکفل ہو جاتا ہے۔ جیسے کہ فرمایا (-) (الطلاق 3:)

جو شخص خدا تعالیٰ سے ڈرتا ہے، اللہ تعالیٰ ہر ایک مصیبت میں اس کے لئے راستہ مخلصی کا نکال دیتا ہے اور اس کے لئے ایسے روزی کے سامان کر دیتا ہے کہ اس کے علم و گمان میں نہ ہوں۔ یعنی یہ بھی ایک علامت متقی کی ہے کہ اللہ تعالیٰ متقی کو نابکار ضرورتوں کا محتاج نہیں کرتا''۔

متقی کے پاس جو آ جاتا ہے وہ بھی بچایا جاتا ہے

حضور فرماتے ہیں:۔

''لوگ بہت سے مصائب میں گرفتار ہوتے ہیں لیکن متقی بچائے جاتے ہیں بلکہ ان کے پاس جو آ جاتا ہے وہ بھی بچایا جاتا ہے۔ مصائب کی کوئی حد نہیں۔ انسان کا اپنا اندر اس قدر مصائب سے بھرا ہوا ہے کہ اس کا کوئی اندازہ نہیں۔ امراض کو ہی دیکھ لیا جاوے کہ ہزارہا مصائب کے پیدا کرنے کو کافی ہیں لیکن جو تقویٰ کے قلعہ میں ہوتا ہے وہ ان سے محفوظ ہے اور جو اس کے باہر ہے وہ ایک جنگل میں ہے جو درندہ جانوروں سے بھرا ہوا ہے''

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس کی نصائح

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 9 اپریل 2004ء کو بیت التوحید کوتونو، بینن، مغربی افریقہ میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا جس میں احباب جماعت کو تقویٰ اختیار کرنے، عبادات بجالانے اور قرآن کریم پڑھنے کی طرف توجہ دلاتے ہوئے حضرت مسیح موعود کا یہ ارشاد سنایا:

''یاد رکھو! نری بیعت سے کچھ نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ

اُس رسم سے راضی نہیں ہوتا جب تک کہ حقیقی بیعت کے مفہوم کو ادا نہ کرے۔ (اگر بیعت کے مفہوم کو ادا نہیں کرتے) اس وقت تک یہ بیعت، بیعت نہیں، نری رسم ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ بیعت کے حقیقی منشاء کو پورا کرنے کی کوشش کرو یعنی تقویٰ اختیار کرو۔"

حضور نے جماعت کے احباب کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا: "آپ پر اللہ تعالیٰ کا فضل اور احسان ہے کہ اُس نے آپ کو مسیح اور مہدی کی جماعت میں شامل ہونے کی توفیق دی اس لئے آپ کا فرض بنتا ہے کہ اس احسان کا جتنا بھی شکر ادا کر سکتے ہیں، کریں اور شکر ادا کرنے کا بہترین طریق یہ ہے کہ اپنے اندر احمدیت قبول کرنے کے بعد نمایاں تبدیلیاں پیدا کریں۔ اپنے عمل، کردار، بات چیت، اور چال ڈھال سے یہ ثابت کریں اور دنیا کو بتائیں کہ ہم ہی ہیں جو (دین) کا صحیح اور حقیقی نمونہ ہیں"۔

(الفضل انٹرنیشنل۔ 23 اپریل 2004ء)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جلسہ سالانہ بیلجیم 12 ستمبر 2004ء کے اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سورۃ الانفال کی آیت 30 کی روشنی میں بہت سی احادیث بھی پیش کیں۔ جن میں تقویٰ کے مضمون پر روشنی پڑتی ہے۔

ایک حدیث کا ترجمہ پیش فرمایا:

"ایک روایت میں آتا ہے، ابونفرہؓ بیان کرتے ہیں کہ مجھے اُس شخص نے بتایا جس نے آنحضور ﷺ کا خطبہ حجۃ الوداع سنا جو آپ نے ایام منیٰ میں دیا تھا۔ آنحضور ﷺ نے اپنے خطبہ میں فرمایا: اے لوگو! تمہارا خدا ایک ہے، تمہارا باپ ایک ہے، یاد رکھو، کسی عربی کو عجمی پر اور کسی سرخ و سفید رنگ والے کو کسی سیاہ رنگ والے پر، اور کسی سیاہ رنگ والے کو کسی سرخ و سفید رنگ والے پر کسی طرح کی کوئی فضیلت نہیں۔ ہاں تقویٰ وجہ ترجیح اور فضیلت ہے۔ تو جو آخری نصیحت آپ نے فرمائی اس میں بھی تقویٰ کی طرف توجہ دلائی"

"پھر ایک روایت میں آتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھا گیا کہ کون سی چیز سب سے زیادہ جنت میں داخل کرنے والی ہوگی، فرمایا، تقویٰ اور حسن خلق۔ نیز پوچھا گیا کہ کون سی چیز سب سے زیادہ آگ میں داخل کرنے والی ہوگی۔ فرمایا۔ الاجوفان۔ یعنی منہ اور شرم گاہ"۔ (ابن ماجہ۔ کتاب الزہد)

"اس سے ایک چیز یہ بھی پتہ لگ رہی ہے کو یا کہ جتنا زیادہ تقویٰ ہوگا، اللہ تعالیٰ کا خوف دل میں ہوگا، اتنا ہی بندوں سے حسن سلوک سے پیش آنے کی طرف توجہ پیدا ہوگی"۔

"اس سے یہ بات بھی ثابت ہوگئی کہ متقی وہی ہے جو اعلیٰ اخلاق کا مالک ہے"۔

(الفضل انٹرنیشنل۔ 18 فروری 2005ء)

اللہ تعالیٰ ہم سب کو تقویٰ کی راہوں پر چلنے کی توفیق دے اور تقویٰ کی برکات کے حصول میں ہمارا معاون ہو۔ آمین۔

سنگاپور۔ شیروں کا مسکن

سرکاری نام:

جمہوریہ سنگاپور

(Republic of Singapore)

پرانا نام:

تماسک Tumasek

وجہ تسمیہ:

ملائی زبان میں سنگھا شیر ببر کو کہتے ہیں اور پور کے معنی شہر کے ہیں۔ شیروں کا مسکن ہونے کی وجہ سے سنگاپور کہلایا۔

محل وقوع:

جنوب مشرقی ایشیا

حدود اربعہ:

اس کے شمال میں ملائشیا اور جنوب میں انڈونیشیا واقع ہیں۔ ملائشیا صرف ایک کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔

جغرافیائی صورتحال:

سنگاپور جزیرہ نما ملایا کے جنوبی کونے پر واقع ایک جزیرہ ہے۔ اس کی مشرق سے مغرب لمبائی 42 کلومیٹر اور شمال سے جنوب چوڑائی 23 کلومیٹر ہے۔ یہ بحر چین اور بحر ہند کو باہم ملانے والی آبنائے کے ناکے پر ہے۔ اس کے اردگرد 50 ملحق چھوٹے جزائر ہیں۔ شمال میں ایک تنگ آبنائے جوہورا سے ملائشیا سے جدا کرتی ہے۔ جنوب میں ریاؤ مجمع الجزائر سے انڈونیشیا سے جدا کرتا ہے۔ سنگاپور شہر جزیرے کے جنوب مشرقی سرے پر واقع ہے۔ مرکزی جزیرے کے عین وسط میں ایک بڑا برساتی جنگل ہے۔ ساحل کے ساتھ ساتھ مینگرو و درختوں کے جھنڈ ہیں۔ دنیا بھر کے بحری جہازوں کو یہاں سے ہو کر گزرنا پڑتا ہے۔

ساحل 193 کلومیٹر

رقبہ:

640 مربع کلومیٹر

آبادی:

29 لاکھ 50 ہزار نفوس (1998ء)

دارالحکومت:

سنگاپور سٹی (3 لاکھ)

بلند ترین مقام:

تماح ہل Timah (177 میٹر)

بڑے ٹاؤن:

چانگی۔ تواس۔ جورونگ۔ نی سون۔ سمباوانگ۔ کوئنز ٹاؤن۔ بیڈوک۔ پی شون۔ ووڈلینڈ۔ یوچو کانگ۔

سرکاری زبان:

انگریزی۔ ملائی چینی۔ تامل

مذاہب:

بدھ مت 30 فیصد۔ عیسائی 19 فیصد۔ مسلم 16 فیصد۔ ہندو۔ تاؤازم

اہم نسلی گروپ:

چینی 78 فیصد۔ ملائی 14 فیصد۔ انڈین 7 فیصد

یوم آزادی:

9 اگست 1965ء

رکنیت اقوام متحدہ:

21 ستمبر 1965ء

کرنسی یونٹ:

ڈالر S$=100 سینٹ (بینک آف سنگاپور)

انتظامی تقسیم:

5 ضلع (ڈسٹرکٹ)

موسم:

خط استواء سنگاپور کے قریب سے گزرتا ہے۔ موسم گرم مرطوب لیکن سال بھر خوشگوار رہتا ہے۔ بارش کی اوسط 80 انچ ہے۔

اہم زرعی پیداوار:

ربڑ۔ پھل اور سبزیاں (پولٹری۔ مویشی)

اہم صنعتیں:

جہاز سازی۔ تیل کی صفائی۔ الیکٹرانکس کا سامان۔ کیمیائی اشیاء۔ کاغذ۔ ادویات۔ کپڑا سازی۔ پلاسٹک۔ ربڑ کی مصنوعات سٹیل پائپ۔ پلائی ووڈ۔ فوڈ پیکنگ۔ لکڑی کا سامان۔ سیاحت۔ کمپیوٹر پارٹس۔ ماہی گیری

مواصلات:

قومی فضائی کمپنی "سنگاپور ایئر لائنز" سنگاپور میں ایشیا کا سب سے بڑا چانگی انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور بندرگاہ ہے۔

آبنائے جوہور پر 26 کلومیٹر لمبی ریلوے اسے ملائشیا سے ملاتی ہے۔

کچھ تاریخی امور

سنگاپور میں سب سے پہلے ملائی نسل کے ماہی گیروں نے آبادی قائم کی۔ ملائی روایات کے مطابق یہاں آبادکاری کا آغاز پالمبانگ کے شہزادے نے کیا جو کہ سری وجایا سلطنت Sri Vijaya سے تعلق رکھتا تھا۔ اس وقت اس جزیرے کا نام تماسک یعنی سمندر تھا۔ چولا حکمران راجندر کولا دیوال (عہد 1016-44ء) نے جزیرے کو سنگھاپور "شیروں کا شہر" کا نام دیا۔ اس نے پہلی دفعہ 1025ء میں اس پر حملہ کیا۔ 1068ء میں دوسرے چولا حکمران نے یہاں پر حملہ کیا۔

1275ء میں جاوا کے بادشاہ کریٹا نگارا نے سنگاپور پر حملہ کیا۔ 14 ویں صدی عیسوی تک یہ سری وجایا سلطنت کا ایک تجارتی مرکز تھا جب یہ سلطنت ماجاپاہٹ Majapahit میں تبدیل ہوگئی۔ اس وقت تک اسے تماسک کے نام سے یاد کیا جاتا تھا۔ 1377ء میں جاوا کے طاقتور اور جابر حکمران نے اس پر زبردست حملہ کیا اور سارے جزیرے کو تباہ و برباد کردیا۔ کچھ لوگ مارے گئے اور کچھ بھاگ کر دوسرے علاقوں میں پناہ گزین ہوگئے۔ 14 ویں صدی کے آخر میں اس پر ملاکا Malacca سلطنت نے اپنی ملکیت کا دعویٰ کیا۔

اگلی کئی صدیوں تک یہ جزیرہ بے آباد رہا۔ اس نے ایک ہولناک جنگل کی صورت اختیار کر لی۔ کوئی آدمی یہاں آباد نہ تھا اور نہ ہی اس دہشت ناک جنگل میں کوئی آ سکتا تھا۔ یہ خونخوار درندوں، شیروں اور مگرمچھوں کا مسکن بن گیا۔ دن رات شیر چنگھاڑتے۔ یہاں ایک خوفناک اور وسیع و عریض دلدل تھی جس پر مگرمچھوں کا راج تھا۔

بعد ازاں بحری ڈاکوؤں اور قزاقوں نے اسے اپنا مسکن بنا لیا کیونکہ ان لوگوں کے لئے یہ بہترین اور محفوظ پناہ گاہ تھی۔ اس دور میں یہ ویران جزیرہ ریاست جوہور Johor کی ملکیت تھی۔

19 ویں صدی کے دوران جب برطانیہ نے جنوب مشرقی ایشیا میں اپنی تجارتی منڈیاں قائم کرنے کا فیصلہ کیا تو برٹش ایسٹ انڈیا کمپنی نے اس جزیرہ کی اہمیت کو بھانپ لیا۔ ملایا میں برطانوی اقتدار کو مستحکم کرنے کی خواہشمند کمپنی کے نمائندے سر تھامس سٹام فورڈ ریفلز نے اس جزیرے کو دیکھا اور فیصلہ کیا کہ وہ اس جزیرے پر قبضہ کرے گا۔ 28 جنوری 1819ء کو سر تھامس نے کمپنی (BEIC) کے لئے یہاں تجارتی فیکٹری قائم کرنے کی کوشش کی۔ اس وقت عبدالرحمان سنگاپور کا سلطان تھا۔

سر تھامس سٹام فورڈ نے مختلف طریقوں سے سلطان جوہور کے ایک قریبی رشتہ دار کو پھانس لیا جس کی وساطت سے عبدالرحمان کے بھائی حسین والی جوہور نے 6 فروری 1819ء کو ایک معاہدے کے تحت سنگاپور کو کمپنی کے ہاتھ فروخت کردیا۔ چنانچہ 1819ء میں یہاں انگریزوں کی پہلی تجارتی کوٹھی قائم ہوگئی۔ سر تھامس نے ماہی گیروں کی اس بستی میں ایک جدید اور نئے سنگاپور کی بنیاد رکھی۔ اس کو سٹیٹ آف سیٹلمنٹ کا نام دیا گیا۔ انگریزوں نے بڑی کوششوں کے بعد جنگل کی درندوں سے صاف کیا۔ دلدل کو ختم کیا اور ایک صاف ستھرے جزیرے کا روپ دیا۔ اس کام میں انہیں کافی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا۔

2 اگست 1824ء کو برٹش ایسٹ انڈیا کمپنی نے

سلطان آف جوہور کو رقم ادا کر کے باقاعدہ طور پر سنگاپور کو حاصل کر لیا۔ 1826ء میں اسے ملاکا اور پینانگ کے ساتھ شامل کر کے برٹش انڈیا کے کنٹرول میں دے دیا گیا۔ 1832ء میں سنگاپور ان تینوں علاقوں کا حکومتی مرکز یا ہیڈکوارٹر بنا۔ 1851ء میں اس علاقے کا براہ راست کنٹرول انڈیا کے گورنر جنرل کو دے دیا گیا۔ یکم اپریل 1867ء کو تینوں آبادیاں (سنگاپور۔ ملاکا۔ پینانگ) لندن کے نوآبادیاتی مرکز کے حاکمانہ اختیارات کے تحت کراؤنی کالونی بن گئیں۔

پہلی جنگ عظیم (18-1914ء) کے بعد برطانیہ نے مشرقی ایشیا کا ایک بڑا بحری اڈہ یہاں تعمیر کیا اور کئی فوجی چھاؤنیاں قائم کیں جن کا استعمال برطانیہ نے دوسری جنگ عظیم میں کیا۔ بحری اڈے کی تعمیر 1921ء میں مکمل ہوئی۔ بعد ازاں انگریزوں نے سنگاپور کو دنیا کی ایک بڑی بندرگاہ بنا دیا۔ برطانیہ نے جزیرے کو بے حد ترقی دی اور جدید عمارتیں اور رہائشی کالونیاں تعمیر کیں۔

جنوری 1942ء میں دوسری عالمی جنگ کے دوران جاپانی فوجیں جزیرہ نما ملایا تک پہنچ گئیں۔ ادھر برطانیہ نے سنگاپور کو بچانے کے لئے اپنے دو جنگی بحری جہاز "پرنس آف ویلز" اور "ری پلس" بھیج دیئے۔ 8 فروری 1942ء کو جاپانیوں نے آبنائے جوہور عبور کر لی۔ 15 فروری کو برٹش کمانڈ نے ہتھیار ڈال کر جزیرے اور شہر کا کنٹرول جاپانیوں کے حوالے کر دیا۔ جاپانی فوج نے سنگاپور کو جزیرہ نما ملایا سے ملانے والا اونچا راستہ جزوی طور پر تباہ کر دیا۔ اس طرح قابض فوج آسانی سے عظیم بندرگاہ تک پہنچ گئی۔ جاپانیوں نے سنگاپور پر شدید بمباری کی۔ تاہم اہم مقامات جن میں دنیا کی سب سے بڑی تیرتی خشک گودی شامل تھی بچ گئی۔

جس جاپانی فوجی نے سب سے پہلے سنگاپور کی سرزمین پر قدم رکھا اس کا نام "شنتو Shonanto" تھا۔ چنانچہ جاپان نے سنگاپور کا نام بدل کر شنتو رکھ دیا اور جب تک جاپانی قابض رہے ملک کا نام شنتو ہی رہا۔ جاپانیوں نے سنگاپور میں متعین ایک لاکھ 38 ہزار اتحادی فوجیوں کو جنگی قیدی بنا لیا۔ اگست 1945ء میں جاپان کو شکست ہو گئی تو 6 ستمبر 1945ء کو برطانوی فوجوں نے سنگاپور پر دوبارہ قبضہ کر لیا۔

یکم اپریل 1946ء کو سنگاپور کو علیحدہ برٹش کراؤن کالونی کا درجہ دیا گیا۔ اسی سال پینانگ اور ملاکا ملایا یونین کا حصہ بنیں اور بعد ازاں 1948ء میں فیڈریشن آف ملایا میں شامل ہوئیں۔ اس دور میں سنگاپور میں زیادہ تعداد سوداگر طبقے سے تھی جو کہ حکومت سے مراعات کے طلبگار تھے۔ ملک کے آئینی و انتظامی اختیارات برطانوی گورنر کے پاس تھے جس کے پاس افسروں کی ایک مشاورتی کونسل موجود تھی۔ جولائی 1947ء میں علیحدہ انتظامی اور قانون ساز کونسلیں وجود میں آئیں۔ مگر گورنر نے سنگاپور پر اپنی گرفت مضبوط رکھی۔ شرط یہ تھی کہ قانون ساز کونسل کے 6 ارکان عوامی ووٹوں سے منتخب ہوں۔

سنگاپور کے پہلے انتخابات 20 مارچ 1948ء کو منعقد ہوئے۔ اس وقت کمیونسٹ پارٹی آف ملایا نے طاقت کے ذریعے سنگاپور اور ملایا پر کنٹرول حاصل کرنے کی کوشش کی۔ چنانچہ جون 1948ء میں ملک میں ہنگامی حالت نافذ کر دی گئی۔ یہ حالت 12 سال جاری رہی۔

1953ء کے اوائل میں برطانوی حکومت نے سرجارج رینڈل کی سربراہی میں ایک کمیشن مقرر کیا تاکہ سنگاپور کی آئینی حالت اور آئینی تبدیلیوں کے بارے میں جائزہ لیا جاسکے۔ حکومت نے رینڈل کی سفارشات منظور کیں اور سنگاپور کو نیا آئین اور عظیم داخلی خودمختاری دینے کا فیصلہ کیا۔ ملک میں متعدد سیاسی جماعتیں آزادی کا مطالبہ کر رہی تھیں۔ 1954ء میں "پیپلز ایکشن پارٹی" (PAP) قائم ہوئی۔

1955ء کے انتخابات سنگاپور کی تاریخ میں ایک بڑا سیاسی مقابلہ تھے۔ لیبر فرنٹ نے 10 نشستیں جیتیں۔ پیپلز ایکشن پارٹی (PAP) جس کے چار امیدوار میدان میں تھے۔ انہوں نے 3 نشستیں حاصل کیں۔ 6 اپریل 1955ء کو ڈیوڈ مارشل سنگاپور کے پہلے وزیراعلیٰ بنے۔ یہ ایک مخلوط حکومت تھی۔ جس میں مارشل کی لیبر فرنٹ (LF) یونائیٹڈ ملایا نیشنل آرگنائزیشن (UMNO) اور ملاین چائنز ایسوسی ایشن (MCA) شامل تھیں۔ 1956ء میں لندن میں سنگاپور کو مکمل داخلی خودمختاری دینے کے لئے مذاکرات شروع ہوئے۔ یہ آئینی مذاکرات تعطل کا شکار ہو گئے تو 6 جون 1956ء کو ڈیوڈ مارشل نے استعفیٰ دے دیا۔ نائب وزیراعلیٰ لم یو ہاک Lim Yew Hock وزیراعلیٰ بن گئے۔ مارچ 1957ء ایک آئینی وفد وزیراعلیٰ ہاک کی قیادت میں لندن گیا۔ جہاں انہوں نے سنگاپور کے نئے آئین کے لئے کامیاب مذاکرات کئے۔ بالآخر 28 مئی 1958ء کو لندن میں آئینی سمجھوتے پر دستخط ہو گئے۔

30 مئی 1959ء کو سنگاپور کے پہلے عام انتخابات ہوئے جس میں قانون ساز اسمبلی کے 51 ارکان منتخب ہونے تھے (PAP) نے 43 نشستیں حاصل کیں۔ 3 جون 1959ء سنگاپور کو مکمل داخلی خود مختاری مل گئی۔ دفاع اور خارجہ امور برطانیہ کے ہاتھ میں رہے۔ نیا آئین نافذ ہوا اور ملک کا قومی پرچم رائج ہوا۔ گورنر جنرل سرولیم گوڈے ملک کے پہلے سربراہ مملکت (ہیڈ آف سٹیٹ) بنے۔

5 جون 1959ء کو (PAP) کے لیڈر لی کوان یو Lee Kuan Yew نے سنگاپور کے پہلے وزیراعظم کا حلف اٹھایا۔ دسمبر 1959ء میں تن یوسف بن اسحاق (پ 1910ء) نے ہیڈ آف سٹیٹ (یانگ ڈی پرتوان نگارا) کا عہدہ سنبھالا۔

16 ستمبر 1963ء کو سنگاپور ملایا۔ شمالی بورنیو (صباح) اور سراواک کے ساتھ فیڈریشن آف ملائشیا میں شامل ہوا۔ کچھ ہی عرصہ بعد ملائی اور چینی آبادی کے درمیان تعلقات خراب ہو گئے۔ چنانچہ 9 اگست 1965ء کو سنگاپور اس وفاق سے علیحدہ ہو کر ایک آزاد و خودمختار ملک بن گیا۔ 22 دسمبر 1965ء کو سنگاپور کو جمہوریہ قرار دے دیا گیا۔ ہیڈ آف سٹیٹ تن یوسف بن اسحاق ملک کے پہلے صدر منتخب ہوئے۔ 1970ء صدر اسحاق (60) کا انتقال ہو گیا۔ 31 اکتوبر 1971ء کو ملک میں 152 سال سے موجود برطانوی فوجیں ملک سے چلی گئیں۔ برطانیہ، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ اور ملائشیا نے ایک معاہدہ کے تحت اس کے دفاع کی ذمہ داری اٹھائی۔

22 دسمبر 1971ء کو ڈاکٹر بنجامن ہنری شیئرز (پ 1907ء) صدر بنے۔ 23 ستمبر 1976ء کو لی کوان ژیو دوبارہ وزیراعظم منتخب ہوگئے۔ دسمبر 1980ء کے انتخابات میں لی کوان ژیو نے کامیابی حاصل کی۔ اکتوبر 1981ء میں صدر بنجامن کے انتقال کے بعد سی وی دیوان نائر Devan Nair (پ 1923ء) صدر منتخب ہوگئے۔ 29 مارچ 1985ء کو دیوان نائر کے استعفیٰ کے بعد وی کیم وی Wee Kim Wee (پ 1914ء) صدر بنے۔ دسمبر 1985ء کے انتخابات میں (PAP) نے 63 فیصد اور ستمبر 1988ء میں 62 فیصد ووٹ حاصل کئے۔ 9 اگست 1990ء کو سنگاپور نے اپنے قیام کی 25 سالہ سلور جوبلی منائی۔

28 نومبر 1990ء کو لی کوان ژیو (پ 16 ستمبر 1923ء) 30 سال تک وزیراعظم رہنے کے بعد مستعفی ہوگئے۔ ان کے نائب گوح چوک ٹونگ Goh Chok Tong (پ 20 مئی 1941ء) نے وزارت عظمیٰ سنبھالی۔ 1959ء سے 1990ء تک وہ انتظامی اختیارات کے مالک تھے۔ ان کی جماعت (PAP) تمام انتخابات جیتتی رہی۔ وہ جنوب مشرقی ایشیا میں امریکی پالیسیوں کے سب سے بڑے حامی تھے۔ انہیں سینئر وزیر کے عہدے پر برقرار رکھا گیا۔

اگست 1991ء کے پارلیمانی انتخابات میں ٹونگ کی (PAP) نے 81 میں سے 77 نشستیں لیں۔ 2 ستمبر 1993ء کو (PAP) کے آنگ تینگ چیونگ Ong Teng Cheong صدر بنے۔ یہ ملک کے پہلے براہ راست منتخب ہونے والے صدر تھے۔ 21 ستمبر 1994ء کو سنگاپور کو ایشیا کا آزاد تجارتی علاقہ قرار دیا گیا۔ یکم جنوری 1996ء کی عالمی رپورٹ کے مطابق سنگاپور دنیا کا 9 واں امیر ترین ملک تھا۔ 15 دسمبر 1996ء کو صدر نے وزیراعظم کی مرضی سے پارلیمنٹ توڑ دی۔ 2 جنوری 1997ء کو عام انتخابات ہوئے۔ (PAP) نے 83 میں سے 81 نشستیں حاصل کر لیں۔

یکم ستمبر 1999ء کو بھارتی نژاد سابق گشتی سفیر ایس آر ناتھن نے سنگاپور کے چھٹے صدر کی حیثیت سے حلف اٹھایا۔ فروری 2002ء میں سابق صدر آنگ تینگ چیونگ (پ 1936ء) سنگاپور سٹی میں انتقال کر گئے۔

طرزِ حکومت

سنگاپور آزاد جمہوریہ ہے۔ صدر ریاست کا سربراہ مملکت (ہیڈ آف سٹیٹ) اور مسلح افواج کا کمانڈر انچیف ہے۔ پہلے پارلیمنٹ صدر کو منتخب کرتی تھی لیکن 1991ء کی آئینی ترمیم کے بعد اب صدر براہ راست عوام کے ووٹوں سے منتخب ہوتا ہے۔ وزیراعظم حکومت کا سربراہ ہے جس کے پاس تمام انتظامی اختیارات موجود ہیں۔ صدر 6 سال کے لئے منتخب کیا جاتا ہے۔

قانون سازی کا اختیار 83 رکنی پارلیمنٹ کو حاصل ہے۔ اس کے تمام ارکان عوام کے ووٹوں سے منتخب ہوتے ہیں۔ پیپلز ایکشن پارٹی (PAP) ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت ہے۔

دیگر جماعتوں میں "دی ورکرز پارٹی"۔ "سنگاپور ڈیموکریٹک پارٹی" (SDP) اور "ملائی نیشنل آرگنائزیشن آف سنگاپور" (PEKEMAS) شامل ہیں۔

عمومی معلومات

سنگاپور کو "ایشیا کا پیرس" "مشرق و مغرب کا دروازہ"۔ "بحرالکاہل کی کنجی" اور "مشرق کا نگینہ" بھی کہا جاتا ہے۔ یہ دنیا اور جنوب مشرقی ایشیا کی ایک بڑی بندرگاہ اور تجارتی مرکز ہے۔ اسے دولت مشترکہ میں خاص اہمیت حاصل ہے۔ ملائشیا اور سنگاپور کے درمیان ایک میل کا سمندر تھا جسے انگریزوں نے ایک پل کے ذریعے آپس میں ملا دیا۔ یہ پل انجینئرنگ کا اعلیٰ شاہکار و نمونہ ہے۔ پل کے اختتام پر کچھ حصہ اس طرح بنایا گیا ہے کہ جب کوئی بحری جہاز گزرنا ہوتو اسے اٹھا دیا جاتا ہے۔ جہاز کے گزر جانے کے بعد پھر نیچے پل سے ملا دیا جاتا ہے۔ دنیا میں تیل صاف کرنے کا تیسرا بڑا کارخانہ سنگاپور میں ہے۔ 1980ء میں نیشنل یونیورسٹی آف سنگاپور قائم ہوئی۔

سنگاپور کے صدور

1۔ تن یوسف بن اسحاق (Yusof Bin Ishak)
22 دسمبر 1965ء تا 1970ء

2۔ ڈاکٹر بنجامین ہنری شیئرز
(Benjamin Henry Sheares)
22 دسمبر 1971ء تا اکتوبر 1981ء

3۔ سی وی دیوان نائر
(Chengara Veetil Devan Hair)
اکتوبر 1981ء تا 29 مارچ 1985ء

4۔ وی کیم وی (Wee Kim Wee)
29 مارچ 1985ء تا یکم ستمبر 1993ء

5۔ آنگ تینگ چیونگ (Ong Teng Cheong)
2 ستمبر 1993ء تا 31 اگست 1999ء

6۔ ایس آر ناتھن (S.R.Nathan)
یکم ستمبر 1999ء

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 56851 میں رخسانہ کوثر

زوجہ مقصود احمد اٹھوال قوم جٹ اٹھوال پیشہ خانہ داری عمر 38 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نصیر آباد غالب ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 20-1-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر -/25000 روپے۔ 2۔ طلائی زیور ساڑھے پانچ تولے مالیتی -/55000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ رخسانہ کوثر گواہ شد نمبر 1 مقصود احمد اٹھوال خاوند موصیہ گواہ شد نمبر 2 گلزار احمد ولد نور احمد

مسل نمبر 56852 میں صوفیا منصور

بنت منصور احمد اٹھوال قوم اٹھوال پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نصیر آباد غالب ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 25-1-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/150 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ صوفیا منصور گواہ شد نمبر 1 منصور احمد اٹھوال والد موصیہ گواہ شد نمبر 2 گلزار احمد اٹھوال ولد نور احمد

مسل نمبر 56853 میں امتہ الحفیظ

بنت مقصود احمد اٹھوال قوم جٹ اٹھوال پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نصیر آباد غالب ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 20-1-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی بالیاں مالیتی -/1500 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ امتہ الحفیظ گواہ شد نمبر 1 مقصود احمد اٹھوال والد موصیہ گواہ شد نمبر 2 گلزار احمد ولد نور احمد

مسل نمبر 56854 میں محمد شہزاد

ولد محمد عمر قوم بندیشہ پیشہ کارکن الفضل عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نصیر آباد غالب ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 29-7-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3380 روپے ماہوار بصورت الاؤنس مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد محمد شہزاد گواہ شد نمبر 1 طاہر کریم ولد محمد حسین حیدر گواہ شد نمبر 2 تقی احمد نوید ولد محمد رفیق

مسل نمبر 56855 میں عطاء الحفیظ

ولد عبدالرشید مرحوم قوم جٹ وریاہ پیشہ مزدوری عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نصیر آباد غالب ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 22-1-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2500 روپے ماہوار بصورت مزدوری مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد عطاء الحفیظ گواہ شد نمبر 1 طاہر کریم ولد محمد حسین حیدر گواہ شد نمبر 2 عطاء العظیم ولد عبدالرشید مرحوم

مسل نمبر 56856 میں تقی احمد نوید

ولد محمد رفیق قوم سدھو پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نصیر آباد غالب ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 21-1-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/150 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد تقی احمد نوید گواہ شد نمبر 1 طاہر کریم ولد محمد حسین حیدر گواہ شد نمبر 2 عتیق احمد ولد محمد منیر

مسل نمبر 56857 میں عتیق احمد

ولد محمد منیر مرحوم قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن نصیر آباد ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 25-1-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد عتیق احمد گواہ شد نمبر 1 طاہر کریم ولد محمد حسین حیدر گواہ شد نمبر 2 تقی احمد نوید ولد محمد رفیق

مسل نمبر 56858 میں سوہنا خان انور

ولد محمد خان قوم راجپوت بھٹی پیشہ کارکن صدر انجمن احمدیہ ربوہ عمر 51 سال بیعت 1974ء ساکن فیکٹری ایریا سلام ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 1-1-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3380 روپے ماہوار بصورت الاؤنس مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد سوہنا خان انور گواہ شد نمبر 1 محمد اکرم ولد ملک محمد اکرم گواہ شد نمبر 2 فیصل آفتاب ثاقب ولد سوہنا خان انور

مسل نمبر 56859 میں آفاق احمد زاہد

